07/06/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  شیخ انوارالحق سے خبریں سُنئے

عید

پورے ملک کے ساتھ ساتھ آج جموں کشمیر میں بھی عید الاضحی کی تقریب سعید نہایت عقیدت و احترام کیساتھ منائی جا رہی ہے۔ وادی کی مساجد، خانقاہوں ، عید گاہوں اور اما م بارگاہوں میں عید نماز کے اجتماعات منعقد ہو رہے ہیں۔نماز عیدکا سب سے بڑا اجتماع آثار شریف دگارہ حضرت بل میں منعقد ہو رہا ہے۔ جہاں عید کی نماز □ہ□ دس بجے ادا کی جائے گی۔ نماز عید کی ادائیگی کے بعد مسلمان سنت ابراہیمی ؑ کی پیروی کرتے ہوئے جانوروں کی قربانی پیش کریں گے۔

ایل جی مبارکباد

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے عید الاضحی کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے ۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہاہے کہ عید الاضحی ایثار و قربانی کے جذبے کی علامت ہے ۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی جموں کشمیر کے لوگوں کو عید الاضحی کے موقعے پر مبارکباد دی ہے ۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ یہ تہوار ہمیں حضرت ابراہیم ؑ کے پختہ عقیدے اور حضرت اسمائیل ؑ کی غیر متزلزل فرمانبرادری کے تئیں خراج پیش کرنے کا موقعہ فراہم کرتا ہے۔

ادھر جموں کشمیرکے نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ، کابینی وزراءجاوید احمد ڈار، سکینہ ایتو، جاوید احمد رانا اور ستیش شرما نے بھی لوگوں کو عید الاضحی کے موقعے پر مبارکباد دی ہے ۔

مبارکباد

عید الاضحی کے موقعے پر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی ،جموں کشمیر پولیس کے سربراہ نلین پربھات ، □وبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری،ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ اور سکمز □ورہ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

آکاشوانی سرینگر کے سربراہ گُربیندر سنگھ اور اسٹیشن کے دیگر عملے نے بھی لوگوں کو عیدالاضحی کی مبارکباد پیش کی ہے ۔

شخ□یات

سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والی کئی شخ□یات نے جمونو کشمیر کے لوگوں کو عید کی مبارکباد دی ہے۔ ڈائریکٹر سریکلچر جموں کشمیر اعجاز احمد بٹ اور جموں سے راکیش کول نے اپنے عید پیغامات میں کہا۔

PM

وزیر اعظم نریندر مو دی نے جمونو کشمیر کے اپنے دورے کے دوران46ہزار کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا جن میں ادھمپور ۔ سرینگر۔ بارہمولہ ریل لنک پروجیکٹ بھی شامل ہے۔ وزیر اعظم نے ریاسی میں دنیا کے سب سے اونچے اور انجینئر نگ کے شاہکار چناب ریل پُل کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کٹرہ سے سرینگر اور سرینگر سے کٹرہ کےلئے ریل سروس کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس طرح کشمیر وادی کو ملک کے دیگر ح□وں کے ساتھ ریل کے ذریعے جوڑا گیا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مو دی نے اپنی تقریر میں اس پروجیکٹ کے افتتاح کو ملک خاص کر جمونو کشمیر کےلئے تاریخی نو عیت کا قرار دیا۔

--Cut-1--Byte----

اس موقعے پر مرکزی وزیر نتن گڈکری ، ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو ، مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ کے علاوہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، نائب وزیر اعلیٰ سُریندر چودھری ، ممبران پارلیمنٹ ، آغا سید روح اللہ مہدی، جگل کشور اور غلام علی کھٹانہ موجود تھے۔

ریل مبارکباد

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ریل پروجیکٹ کے افتتاح پر خوشی کا اظہار کر تے ہوئے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے لوگوں کا دیرینہ خواب حقیقت میں تبدیل ہو گیا ہے۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے46ہزار کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹ قوم کے نام وقف کرنے کےلئے وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا۔ ۔انہوننے کہا کہ انکی سرکار وِکست بھارت۔ وِکست جمونو کشمیر کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کےلئے پُر عزم ہے۔

سفر

اس دوران ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو اور لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے کل ریلوے کی انسپیکشن کار میں کٹرہ سے سرینگر تک سفر کے دوران اس ٹریک پر تعمیر Self Propelled کئے گئے پلوناور ٹنلونکا معائنہ کیا۔ مرکزی وزیر اور ایل جی نے ریلوے ٹریک پر حفاظتی انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13 اعشاریہ 2ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 16 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ